مطبوعات

فقہ الزکوٰۃ ، حصہ سوم از علامہ یوسف القرضاوی - مترجم (عربی سے) ساجد الرحمٰن صدیقی بہ اہتمام ادارہ معارف اسلامی ، کراچی ۔ شائع کردہ - البدر پبلی کیشنز - ۲۳ - راحت مارکیٹ اردو بازار لاہور ۔ قیمت مجلد -/۳۰ روپے

اس کتاب کے حصہ اول کی اشاعت پر ہم نے تعارف کرا دیا تھا ۔ حصہ دوم پر بھی چند سطور مطبوعات میں لکھی گئیں ۔ اب اسی کتاب کا حصہ سوم سامنے ہے ۔ مختصراً پھر یہ بات عرض کر دینا مناسب معلوم ہوتا ہے کہ خاص زکوٰۃ کے موضوع پر اتنی بڑی اور جامع ایک ہی یہ کتاب مرتب ہو کر سامنے آئی ہے ۔ علامہ قرضاوی کے علمی مرتبے کی گواہی ان کی متعدد تصانیف دیتی ہیں ۔ ان کی ایک خصوصیت سلیس فصیح عربی زبان میں مطالب کو پیش کرنا ہے ۔ اُن کی تحریر میں خاص کشش ہے ۔ زکوٰۃ کا موضوع احیائے اسلام کی تحریکی رَو کے ساتھ ساتھ ہر مسلم مملکت میں اہمیت اختیار کر رہا ہے ۔ اس بارے میں عوام اور نوجوان ہی نہیں ، خواص بھی بہت کچھ جاننا چاہتے ہیں ۔ اس دَور کے نظامِ معیشت نے بہت سے سوالات پیدا کر دیے ہیں ۔ اُن کے جواب بھی مطلوب ہیں ۔ ان ساری ضروریات کو مؤلف نے سامنے رکھا ہے ۔ فاضل مؤلف کا اصل کارنامہ یہ ہے کہ چودہ سو سال چلنے کے ادارۂ زکوٰۃ کو آج کل کے نظامِ تمدن میں نصب ہو کر کام کرنے کے قابل دکھایا ہے اور اس مقصد کے لیے ایک خاص طرح کی ترتیب مباحث اور موجودہ ضروریات کے مطابق مناسب زبان فراہم کی ہے ۔ اصل کتاب کا اردو میں ترجمہ ہونا نہ صرف اردو زبان کے سرمایے میں اضافہ ہے ، بلکہ ہمارے یہاں زکوٰۃ کے نظم کے قیام کی جو مساعی ہو رہی ہیں اُن میں ممد بھی ہے ۔ ترجمہ کرنے والے نوجوان صاحب صاحبِ صلاحیت ہیں ۔ اور اُن کی تحریر مناسب ہے ۔

پیشِ نظر حصہ سوم ۴۰۰ صفحات پر مشتمل ہے ۔